روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 17 جنوری 2009ء 19 محرم 1430 ہجری 17 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 13

آدھی کھجور

حضرت عدی بن حاتمؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

دوزخ کی آگ سے بچو خواہ آدھی کھجور خدا کی راہ میں صدقہ دینے کی استطاعت ہو۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ اتقوا النار حدیث نمبر:1328)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حدیث میں بھی ذکر آیا ہے کہ ایک صحابیؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ ایام جاہلیت میں میں نے بہت خرچ کیا تھا۔ کیا اس کا ثواب بھی مجھے ہوگا؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جواب دیا کہ یہ اسی صدقہ وخیرات کا ثمرہ تو ہے کہ تو مسلمان ہو گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کسی کے ادنیٰ فعلِ اخلاص کو بھی ضائع نہیں کرتا۔ اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مخلوق کی ہمدردی اور خبر گیری حقوق اللہ کی حفاظت کا باعث ہو جاتی ہے۔

پس مخلوق کی ہمدردی ایک ایسی شئے ہے کہ اگر انسان اسے چھوڑ دے اور اس سے دور ہوتا جاوے تو رفتہ رفتہ پھر وہ درندہ ہو جاتا ہے۔ انسان کی انسانیت کا یہی تقاضا ہے اور وہ اسی وقت تک انسان ہے جب تک اپنے دوسرے بھائی کے ساتھ مروت، سلوک اور احسان سے کام لیتا ہے اور اس میں کسی قسم کی تفریق نہیں ہے جیسا کہ سعدیؒ نے کہا ہے۔

بنی آدم اعضائے یک دیگر اند

یادرکھو ہمدردی کا دائرہ میرے نزدیک بہت وسیع ہے۔ کسی قوم اور فرد کو الگ نہ کرے۔ میں (۔) یہ نہیں کہنا چاہتا کہ تم اپنی ہمدردی کو .... مخصوص کرو۔ نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ تم خدا تعالیٰ کی ساری مخلوق سے ہمدردی کرو۔ خواہ وہ کوئی ہو۔ ہندو ہو یا مسلمان یا کوئی اور۔ میں کبھی ایسے لوگوں کی باتیں پسند نہیں کرتا جو ہمدردی کو صرف اپنی ہی قوم سے مخصوص کرنا چاہتے ہیں۔ ان میں بعض اس قسم کے خیالات بھی رکھتے ہیں کہ اگر ایک شیرے کے مٹکے میں ہاتھ ڈالا جاوے اور پھر اس کو تلوں میں ڈال کر تل لگائے جاویں تو جس قدر اس کو لگ جاویں۔ اس قدر دھوکا اور فریب دوسرے لوگوں کو دے سکتے ہیں۔ ان کی ایسی بیہودہ اور خیالی باتوں نے بہت بڑا نقصان پہنچایا ہے اور ان کو قریباً وحشی اور درندہ بنا دیا ہے۔ مگر میں تمہیں بار بار یہی نصیحت کرتا ہوں کہ تم ہرگز ہرگز اپنی ہمدردی کے دائرہ کو محدود نہ کرو۔ اور ہمدردی کے لئے اس تعلیم کی پیروی کرو جو اللہ تعالیٰ نے دی ہے یعنی .... (النحل: 91) یعنی اول نیکی کرنے میں تم عدل کو ملحوظ رکھو۔ جو شخص تم سے نیکی کرے تم بھی اس کے ساتھ نیکی کرو۔

اور پھر دوسرا درجہ یہ ہے کہ تم اس سے بھی بڑھ کر اس سے سلوک کرو۔ یہ احسان ہے۔ احسان کا درجہ اگرچہ عدل سے بڑھا ہوا ہے اور یہ بڑی بھاری نیکی ہے لیکن کبھی نہ کبھی ممکن ہے احسان والا اپنا احسان جتلاوے مگر ان سب سے بڑھ کر ایک درجہ ہے کہ انسان ایسے طور پر نیکی کرے جو محبت ذاتی کے رنگ میں ہو جس میں احسان نمائی کا بھی کوئی حصہ نہیں ہوتا ہے جیسے ماں اپنے بچہ کی پرورش کرتی ہے وہ اس پرورش میں کسی اجر اور صلے کی خواستگار نہیں ہوتی بلکہ ایک طبعی جوش ہوتا ہے جو بچے کے لئے اپنے سارے سکھ اور آرام قربان کر دیتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر کوئی بادشاہ کسی ماں کو حکم دے دے کہ تو اپنے بچہ کو دودھ مت پلا اور اگر ایسا کرنے سے بچہ ضائع بھی ہو جاوے تو اس کو کوئی سزا نہیں ہوگی تو کیا ماں ایسا حکم سن کر خوش ہوگی؟ اور اس کی تعمیل کرے گی؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ تو اپنے دل میں ایسے بادشاہ کو کوسے گی کہ کیوں اس نے ایسا حکم دیا۔ پس اس طریق پر نیکی ہو کہ اسے طبعی مرتبہ تک پہنچایا جاوے۔ کیونکہ جب کوئی شئے ترقی کرتے کرتے اپنے طبعی کمال تک پہنچ جاتی ہے اس وقت وہ کامل ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص216)

مسابقت کی تازہ مثال

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ بتاریخ 7 نومبر 2008ء میں فرمایا تھا۔

ایسے بھی ہیں جو یہ سوچ رکھتے ہیں کہ اگر قرض لے کر اپنی ضروریات پوری کی جاسکتی ہیں تو تحریک جدید کا وعدہ اور دوسرے چندے کیوں ادا نہیں کئے جا سکتے۔" (روزنامہ الفضل 16 دسمبر 2008ء)

اس ضمن میں ایک تازہ مثال ہدیہ قارئین کی جاتی ہے۔ مکرم مظفر احمد صاحب سیکرٹری تحریک جدید گولارچی ضلع بدین یوم تحریک جدید کی رپورٹ بھجواتے وقت تحریر کرتے ہیں۔

"ایک بچی کے پاس چندہ کے لئے گیا تو اس نے کہا کہ ابھی تو میرے پاس نہیں ...... تو اس نے اپنے بھائی سے ادھار لے کر -/180 روپے کی رسید کٹوا دی جب شام کو دوبارہ ان کے گھر گیا تو اس بچی نے بتایا کہ آج میں نے یوم تحریک جدید میں چندہ -/180 روپے کی رسید کٹوا دی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے الماری صاف کرتے ہوئے -/500 روپے دیئے جو میرے کئی ماہ پہلے گم ہو چکے تھے۔"

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید)

IAAAE کا ٹیکنیکل میگزین برائے 2009ء

مکرم انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب صدر ٹیکنیکل میگزین کمیٹی IAAAE تحریر کرتے ہیں۔

تمام انجینئرز آرکیٹکٹس اور دوسرے اہل علم احباب وخواتین سے درخواست ہے کہ IAAAE ٹیکنیکل میگزین 2009ء کی اشاعت کے لئے مضامین، ٹیکنیکل رپورٹس، ریسرچ پیپرز، تصاویر اور اشتہارات بھجوائیں جس کے لئے آخری تاریخ 30 جون 2009ء مقرر کی گئی ہے۔ تمام ڈاکومنٹس (Documents) کی ایک ہارڈ اور ایک سافٹ کاپی مع پاسپورٹ سائز فوٹو (صرف مرد حضرات) آنی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام تعاون کرنے والے احباب وخواتین کو جزائے خیر دے۔ آمین

نصاب علمی مقابلہ جات 2009ء

مجلس انصار اللہ پاکستان کی آٹھویں سالانہ علمی ریلی کا نصاب درج ذیل ہوگا۔

نصاب تلاوت قرآن کریم

الف۔ معیار خاص: اس میں قاری حضرات اور حفاظ کرام حصہ لیں گے۔

نصاب: 1۔سورۃ الفتح پارہ نمبر 26 رکوع نمبر 11

2۔سورۃ المنافقون پارہ نمبر 28 رکوع نمبر 13

ب۔ معیار عام: اس معیار میں قاری اور حفاظ کرام شرکت نہیں کریں گے۔ دیگر انصار خوش الحانی سے قرآن کریم کی تلاوت کے مقابلہ میں حصہ لیں گے۔

نصاب: 1۔سورۃ ق پارہ نمبر 26 پہلی 6 آیات

2۔سورۃ المزمل پارہ نمبر 29 پہلی 9 آیات

حفظ قرآن:

قرآن کریم کا پارہ نمبر 28 نصف اول

نظم خوانی:

درثمین، کلام محمود اور کلام طاہر کی درج ذیل نظموں میں سے تین اشعار خوش الحانی سے پڑھنے ہوں گے۔

درثمین: نظم 1۔عنوان ''نصرت الٰہی'' ع

خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے

نظم 2۔عنوان ''اتمام حجت'' ع

نشاں کو دیکھ کر انکار کب تک پیش جائے گا

کلام محمود: نظم 1۔ ع

دشمن کو ظلم کی برچھی سے تم سینہ و دل برمانے دو

نظم 2۔ ع

ذکر خدا پہ زور دے ظلمت دل مٹائے جا

کلام طاہر: نظم 1۔ عنوان

''پھول تم پر فرشتے نچھاور کریں'' ع

آئے وہ دن کہ ہم جن کی چاہت میں

گنتے تھے دن اپنی تسکین جاں کے لئے

نظم 2۔''ہو تمہی کل کے قافلہ سالار'' ع

وقت کم ہے بہت ہے کام چلو،

ملگجی ہو رہی ہے شام چلو

مقابلہ بیت بازی:

مقابلہ بیت بازی بین الاضلاع ہوگا اور ہر ضلع سے دو ممبران پر مشتمل ٹیم حصہ لے سکے گی۔

نصاب: (1) درثمین۔ (2) کلام محمود۔ (3) کلام طاہر (4) درعدن

تقریر معیار خاص (اردو):

ہر علاقہ سے ایک مقرر حصہ لے سکے گا اور سیرت النبی ﷺ کے درج ذیل عناوین پر 8 سے 10 منٹ تقریر کرنا ہوگی۔ ناظم صاحب علاقہ دوران سال بین الاضلاع مقابلہ منعقد کروا کر ایک مقرر کا انتخاب کر کے مرکز کو اطلاع کریں گے۔

علاقہ کراچی: آنحضرتؐ بحیثیت داعی الی اللہ

علاقہ سکھر: آنحضرتؐ کا عفو و درگزر

علاقہ سرحد: آنحضرتؐ کا توکل علی اللہ

علاقہ میرپورخاص: آنحضرتؐ کا ایفائے عہد

علاقہ فیصل آباد: آنحضرتؐ کی مخلوق خدا سے محبت

علاقہ راولپنڈی: آنحضرتؐ کی محبت الٰہی

علاقہ لاہور: آنحضرتؐ کی عائلی زندگی

علاقہ ملتان: آنحضرتؐ کی عاجزی وانکساری

علاقہ گوجرانوالہ: آنحضرتؐ کی سادہ زندگی

علاقہ سرگودھا: آنحضرتؐ کا انداز تربیت

علاقہ ڈیرہ غازیخان: آنحضرتؐ کا دشمنوں سے حسن سلوک

علاقہ بہاولپور: آنحضرتؐ کا صبر و استقامت

علاقہ ربوہ: آنحضرتؐ کا عدل وانصاف

فی البدیہہ تقریری مقابلہ (اردو):

عنوان مقابلے کے وقت دیئے جائیں گے۔

تقریر کا وقت 2 تا 3 منٹ ہوگا۔

تحریری امتحان مطالعہ کتب:

درج ذیل کتب نصاب میں شامل ہوں گی۔

(1) انفاخ قدسیہ

(تقاریر حضرت مسیح موعود جلسہ سالانہ 1897ء)

(2) نور القرآن نمبر 1

(از حضرت مسیح موعود) (روحانی خزائن جلد 9)

(3) نور القرآن نمبر 2

(از حضرت مسیح موعود) (روحانی خزائن جلد 9)

(4) تقدیر الٰہی

(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 4)

(5) محبت الٰہی

(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 1)

(6) تحریک جدید کی اہمیت اور اس کے اغراض و مقاصد (از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 18)

(7) آنحضرتؐ کی زندگی کے تمام اہم واقعات

(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 19)

امتحان مطالعہ کتب برائے عہدیداران

انصار اللہ:

اس مقابلہ میں مرکزی عہدیداران، ناظمین علاقہ، ناظمین ضلع اور زعماء اعلیٰ مجالس شرکت کریں گے۔ ہر دو معیار کا نصاب ایک ہی ہوگا۔

مقابلہ دینی معلومات:

یہ مقابلہ بین الاضلاع ہوگا۔ ہر ضلع سے دو ممبران پر مشتمل ٹیم حصہ لے گی۔

نصاب:

(1) کتاب ''دینی معلومات کا بنیادی نصاب'' (ایڈیشن 2009ء)

(2) کتاب ''معلومات'' (ایڈیشن 2007ء)

شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

مقابلہ دینی معلومات انفرادی:

اس مقابلہ میں ہر زعامت ہائے علیاء یا مجلس سے ایک رکن لے سکے گا۔ مقابلہ دینی معلومات بین الاضلاع و انفرادی کا نصاب ایک ہی ہوگا۔

نمائندگی:

مقابلہ تقریر اردو معیار خاص بین العلاقہ میں ہر علاقہ سے ایک مقرر حصہ لے سکے گا جس کا تعین ناظم صاحب علاقہ کریں گے۔ مقابلہ دینی معلومات، مقابلہ بیت بازی بین الاضلاع میں ہر ضلع سے دو ممبران پر مشتمل ٹیم حصہ لے سکے گی۔ ٹیم کا تعین ناظم صاحب ضلع کریں گے۔ انفرادی مقابلہ جات میں ہر زعامت ہائے علیاء یا مجلس سے ایک رکن حصہ لے سکے گا۔ مناسب ہوگا کہ علاقہ/ضلع/زعامت ہائے علیاء اپنے ہاں علمی مقابلہ جات منعقد کروا کے اول آنے والے اراکین کو بطور نمائندہ بھجوائیں۔

مقابلہ مقالہ نویسی 2008-09ء

قیادت تعلیم، مجلس انصار اللہ پاکستان کے زیر اہتمام ذیلی تنظیموں کے درمیان مقابلہ مقالہ نویسی سال 2008-09 میں بھی گزشتہ سال کی طرح منعقد ہو رہا ہے۔ اس کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

عناوین:

مابین انصار اللہ پاکستان ''ہستی باری تعالیٰ''

مابین خدام الاحمدیہ پاکستان ''وقف زندگی''

مابین لجنہ اماء اللہ پاکستان

''سیرت حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ''

مابین اطفال الاحمدیہ پاکستان

''پانچ بنیادی اخلاق''

مابین ناصرات الاحمدیہ پاکستان

''پانچ بنیادی اخلاق''

☆ مقالہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2009ء ہے۔

انعامات:

انصار اللہ، خدام الاحمدیہ، لجنہ اماء اللہ پاکستان کے لئے انعامات

اول: سیٹ روحانی خزائن + سند امتیاز + 25 ہزار روپے نقد

دوم: سیٹ تفسیر کبیر + سند امتیاز + 15 ہزار روپے نقد

سوم: سیٹ انوار العلوم + سند امتیاز + 10 ہزار روپے نقد

اطفال الاحمدیہ، ناصرات الاحمدیہ پاکستان کے لئے انعامات

اول: ماڈل منارۃ المسیح + کتب + سند امتیاز + 15 ہزار روپے نقد انعام

دوم: ماڈل منارۃ المسیح + کتب + سند امتیاز + 10 ہزار روپے نقد انعام

سوم: ماڈل ستارہ احمدیت + کتب + سند امتیاز + 5 ہزار روپے نقد انعام

نصاب مرکزی امتحانات 2009ء

قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان کے زیر انتظام سہ ماہی امتحانات ہوتے ہیں۔ سال 2009ء کی چاروں سہ ماہیوں کا نصاب درج ذیل ہوگا۔ انصار اس کے مطابق تیاری کریں اور امتحان میں ضروری شامل ہوں۔

نصاب سہ ماہی اول:

1۔قرآن کریم پارہ نمبر 7 نصف اول

2۔انفاخ قدسیہ

(تقاریر حضرت مسیح موعود جلسہ سالانہ 1897ء)

نصف اول صفحہ 1 تا 80

3۔تقدیر الٰہی

(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 4)

نصاب سہ ماہی دوم

1۔قرآن کریم پارہ نمبر 7 نصف آخر

2۔انفاخ قدسیہ (تقاریر حضرت مسیح موعود جلسہ سالانہ 1897ء) نصف آخر صفحہ 81 تا 141

3۔محبت الٰہی

(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 1)

نصاب سہ ماہی سوم

1۔قرآن کریم پارہ نمبر 8 نصف اول

2۔نور القرآن نمبر 1

(از حضرت مسیح موعود، روحانی خزائن جلد 9)

3۔آنحضرتؐ کی زندگی کے تمام اہم واقعات

(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 19)

نصاب سہ ماہی چہارم

1۔قرآن کریم پارہ نمبر 8 نصف آخر

2۔نور القرآن نمبر 2

(از حضرت مسیح موعود، روحانی خزائن جلد 9)

3۔تحریک جدید کی اہمیت اور اس کے اغراض و مقاصد (از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 18)

(قائد تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان)

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم منصور احمد خان صاحب

تمام برکتیں خلافت سے وابستہ ہیں

مامور من اللہ کا کام دنیائے انسانیت کو توحید باری تعالیٰ کی طرف مائل کرنا ہوتا ہے۔ اسی لئے جب مامور من اللہ وفات پا جاتے ہیں تو پھر خدا تعالیٰ اس کام کو انجام دینے کے لئے خلافت کا نظام قائم فرماتا ہے تا کہ ایک مستقل جاری سلسلہ کے ذریعہ بنی نوع انسان کی روحانی تربیت کی جا سکے۔

قرآن شریف کی سورۃ النور آیت: 56 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے ان سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لئے ان کے دین کو، جو اس نے ان کے لئے پسند کیا، ضرور تمکنت عطا کرے گا اور ان کی خوف کی حالت کے بعد ضرور انہیں امن کی حالت میں بدل دے گا وہ میری عبادت کریں گے۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور جو اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں۔

اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں کہ:

"اس آیت کو آیت استخلاف کہا جاتا ہے جس میں یہ بات ظاہر فرمائی گئی ہے کہ جس طرح خدا نے پہلے انبیاء کے بعد خلافت کا سلسلہ جاری فرمایا تھا اسی طرح آنحضور ﷺ کے بعد بھی جاری فرمائے گا اور وہ خلافت نبی کے نور کو لے کر آگے بڑھے گی اور ہر دفعہ جب کوئی خلیفہ گزرے گا تو جماعت کو ایک خوف کا سامنا کرنا پڑے گا جو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ خلافت کی برکت سے امن میں بدل جائے گا۔ پس سچی خلافت کی نشانی یہ ہے کہ وہ مومنوں کی جماعت کو بدامنی سے امن کی طرف لے کر آئے گی۔

حضرت مسیح موعود نے 'الوصیت' میں یہی فرمایا ہے کہ ایک نبی یا خلیفہ کے گزرنے کے بعد وقتی طور پر یہی محسوس ہوتا ہے کہ اب دشمن اس نور کو بجھا دے گا لیکن آیت استخلاف میں قطعی وعدہ ہے کہ دشمن ہر دفعہ ناکام رہے گا۔

نبوت کے آنے کا مقصد دنیا میں توحید کا قیام ہے۔ چنانچہ خلافت حقہ کی بھی یہی نشانی رکھی ہے کہ اس کا آخری مقصد توحید کا قیام ہوگا۔"

(قرآن کریم کے اردو ترجمہ کے نوٹ)

حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم میں نبوت قائم رہے گی جب تک اللہ چاہے گا پھر وہ اس کو اٹھالے گا اور خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ جب چاہے گا اس نعمت کو بھی اٹھا لے گا پھر اس کی تقدیر کے مطابق ایذا رساں بادشاہت قائم ہو گی۔ (جس سے لوگ دل گرفتہ ہوں گے اور تنگی محسوس کریں گے) جب یہ دور ختم ہو گا تو اس کی دوسری تقدیر کے مطابق اس سے بھی بڑھ کر جابر بادشاہت قائم ہوگی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا رحم جوش میں آئے گا اور اس ظلم وستم کے دور کو ختم کر دے گا۔ اس کے بعد پھر خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ یہ فرما کر آپ خاموش ہو گئے۔" (مسند احمد)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

"خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہو سکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو۔ اس واسطے رسول کریمؐ نے نہ چاہا کہ ظالم بادشاہوں پر خلیفہ کا لفظ اطلاق ہو۔ کیونکہ خلیفہ در اصل رسول کا ظل ہوتا ہے اور چونکہ کسی انسان کے لئے دائمی طور پر بقا نہیں لہٰذا خدا تعالیٰ نے ارادہ کیا کہ رسولوں کے وجود کو جو تمام دنیا کے وجودوں سے اشرف و اولیٰ ہیں ظلی طور پر ہمیشہ کے لئے تا قیامت قائم رکھے سو اسی غرض سے خدا تعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے۔"

("شہادۃ القرآن"، روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 353)

جب حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے بار بار الہامات کے ذریعہ یہ بتایا کہ آپ کے وصال کا وقت قریب ہے تو آپ نے اس موقع پر قدرت ثانیہ کی پیشگوئی کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے..........کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے ....جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کر دیتا ہے..... لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا..........ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔"

("رسالہ الوصیت"، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 304)

پھر فرماتے ہیں:

"اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔ سو اب ممکن نہیں کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی جب تک میں نہ جاؤں گا۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔"

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 305)

فرمایا:۔

"میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔ سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو اور چاہئے کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو اور تمہیں دکھادے کہ تمہارا خدا ایسا قادر ہے۔"

("الوصیت"، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 306)

خلافت احمدیہ کا ظہور

حضرت مسیح موعود کا وصال مورخہ 26 مئی 1908ء کو لاہور میں ہوا۔

آپ کی وفات کے بعد 27 مئی 1908ء کو جماعت کا اس بات پر پہلا اجماع ہوا کہ حضرت الحاج حکیم مولوی نورالدین صاحب کو خلیفۃ المسیح ہونا چاہئے۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے حضرت مولوی نورالدین صاحب کی خدمت میں مندرجہ ذیل تحریر پڑھ کر سنائی، جبکہ سب دوست باغ میں اپنے محبوب آقا کی نعش کے پاس جمع تھے۔ آپ نے بطور نمائندہ جماعت یہ تحریر پڑھی:

اما بعد مطابق فرمان حضرت مسیح موعود مندرجہ رسالہ الوصیت، ہم احمدیان جن کے دستخط ذیل میں ثبت ہیں اس امر پر صدق دل سے مطمئن ہیں کہ اول المہاجرین حضرت حاجی مولوی حکیم نورالدین صاحب جو ہم سب میں سے اعلم اور اتقیٰ ہیں اور حضرت امام کے بعد سب سے زیادہ مخلص اور قدیمی دوست ہیں اور جن کے وجود کو حضرت امام اسوہ..........قرار فرما چکے ہیں۔ جیسا کہ آپ کے شعر

چہ خوش بودے اگر ہر یک ز امت نور دیں بودے
ہمیں بودے اگر ہر یک دل پر از نور یقین بودے

سے ظاہر ہے۔ کے ہاتھ پر احمد کے نام پر تمام احمدی جماعت موجودہ اور آئندہ نئے ممبر بیعت کریں اور حضرت مولوی صاحب موصوف کا فرمان ہمارے واسطے آئندہ ایسا ہی ہو جیسا کہ حضرت اقدس مسیح موعود مہدی معہود کا تھا۔

(تاریخ احمدیت، جلد سوم صفحہ 559، 560)

اس درخواست پر بہت سے احباب کے دستخط تھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی تقریر اور بیعت:۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی تقریر کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا:

"میری پچھلی زندگی پر غور کر لو۔ میں کبھی امام بننے کا خواہش مند نہیں ہوا۔ مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم امام الصلوٰۃ بنے تو میں نے بھاری ذمہ داری سے اپنے تئیں سبکدوش خیال کیا تھا۔ میں اپنی حالت سے خوب واقف ہوں اور میرا رب مجھ سے بھی زیادہ واقف ہے۔ میں دنیا میں ظاہر داری کا خواہش مند نہیں۔ میں ہرگز ایسی باتوں کا خواہشمند نہیں۔ اگر خواہش ہے تو یہ کہ میرا مولیٰ مجھ سے راضی ہو جائے۔ اس خواہش کے لئے میں دعائیں کرتا ہوں اور قادیان میں اس لئے رہا اور رہتا ہوں اور رہوں گا"۔

"..........اگر تم میری بیعت ہی کرنا چاہتے ہو تو سن لو کہ بیعت بک جانے کا نام ہے۔ ایک دفعہ حضرت نے مجھے اشارۃً فرمایا کہ وطن کا خیال بھی نہ کرنا۔ سو اس کے بعد میری ساری عزت اور سارا خیال انہی سے وابستہ ہو گیا اور میں نے کبھی وطن کا خیال تک نہیں کیا۔ پس بیعت کرنا ایک مشکل امر ہے"۔

"وہ بیعت کے دس شرائط بدستور قائم ہیں۔ ان میں خصوصیت سے میں قرآن کو سیکھنے اور زکوٰۃ کا انتظام کرنے، واعظین کے بہم پہنچانے اور ان امور کو جو وقتاً فوقتاً اللہ میرے دل میں ڈالے شامل کرتا ہوں۔ پھر تعلیم دینیات، دینی مدرسہ کی تعلیم میری مرضی اور منشاء کے مطابق کرنا ہوگی اور میں اس بوجھ کو صرف اللہ کے لئے اٹھاتا ہوں جس نے فرمایا (۔)

یاد رکھو ساری خوبیاں وحدت میں ہیں۔ جس کا کوئی رئیس نہیں وہ مر چکی۔ فقط"

(تاریخ احمدیت جلد سوم صفحہ 560، 561)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی اس تقریر کے بعد سب حاضرین نے یک زبان ہو کر کہا:

"ہم آپ کے احکام مانیں گے۔ آپ ہمارے امیر ہیں اور ہمارے مسیح موعود کے جانشین ہیں"۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے اس کے بعد بیعت لی اور یوں مورخہ 27 مئی 1908ء کو قدرت ثانیہ خلافت احمدیہ کی صورت میں ظہور میں آئی۔

خوف کا امن کی حالت میں تبدیل ہونا

مامور من اللہ کی وفات کے بعد جہاں اس کے بیعت کنندگان پریشانی کا شکار ہوتے ہیں کہ اب کون ہماری رہنمائی کرے گا۔ ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ مامور من اللہ کا جانشین (خلیفہ) ان میں کھڑا کر دیتا ہے جس کے ذریعہ ان کا غم خوشی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

خدا تعالیٰ کی تقدیر اپنا کام دکھاتی ہے۔ جہاں پھر کبھی بھی مجموعی طور پر خوف کا خطرہ ہوا اللہ تعالیٰ اس کو امن میں تبدیل کر دیتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث خلافت کی برکات کی بابت فرماتے ہیں کہ:۔

"ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ خلیفہ اللہ تعالیٰ ہی بناتا ہے۔ اگر بندوں پر اس کو چھوڑا جاتا تو جو بھی بندوں کی نگاہ میں افضل ہوتا اسے ہی وہ اپنا خلیفہ بنا لیتے۔ لیکن خلیفہ خود اللہ تعالیٰ بناتا ہے اور اس کے انتخاب میں کوئی نقص نہیں۔ وہ اپنے ایک کمزور بندے کو چنتا ہے جس کے متعلق دنیا سمجھتی ہے کہ اسے کوئی علم حاصل نہیں، کوئی روحانیت اور بزرگی اور طہارت اور تقویٰ حاصل نہیں۔ اسے وہ بہت کمزور جانتے ہیں اور بہت حقیر سمجھتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کو چن کر اس پر اپنی عظمت اور جلال کا ایک جلوہ کرتا ہے اور جو کچھ وہ تھا اور جو کچھ اس کا تھا اس میں سے وہ کچھ بھی باقی نہیں رہنے دیتا اور خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال کے سامنے کلی طور پر فنا اور نیستی کا لبادہ وہ پہن لیتا ہے اور اس کا وجود دنیا سے غائب ہو جاتا ہے اور خدا کی قدرتوں میں وہ چھپ جاتا ہے تب اللہ تعالیٰ اسے اٹھا کر اپنی گود میں بٹھا لیتا ہے اور جو اس کے مخالف ہوتے ہیں انہیں کہتا ہے مجھ سے لڑو اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے۔ یہ بندہ بے شک نحیف، کم علم، کمزور، کم طاقت اور تمہاری نگاہ میں طہارت و تقویٰ سے عاری ہے لیکن اب یہ میری پناہ میں آ گیا ہے۔ اب تمہیں بہرحال اس کے سامنے جھکنا پڑے گا۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اس لئے کہ خدا تعالیٰ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ انتخاب خلافت کے وقت اس کی منشاء پوری ہوتی ہے اور بندوں کی عقلیں کوئی کام نہیں دیتیں۔"

(الفضل ربوہ 17 مارچ 1967ء ص 3 کالم 2)

خلافت بہت بڑی نعمت ہے

حضرت المصلح الموعود فرماتے ہیں کہ:

"اے مومنوں کی جماعت! اور اے عمل صالح کرنے والو! میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ خلافت خدا تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے اس کی قدر کرو۔ جب تک تم لوگوں کی اکثریت ایمان اور عمل صالح پر قائم رہے گی خدا اس نعمت کو نازل کرتا چلا جائے گا.........

پھر فرمایا: "اور اس امر کو اچھی طرح یاد رکھو کہ جب تک تم میں خلافت رہے گی دنیا کی کوئی قوم تم پر غالب نہیں آسکے گی اور ہر میدان میں تم مظفر و منصور ہو گے.......... خدا تمہارے ساتھ ہو اور ابدالآباد تک اس کی برگزیدہ جماعت رہو"۔

("خلافت راشدہ" انوار العلوم جلد 15 ص 593)

برکات خلافت

تمام برکتیں خلافت سے وابستہ ہیں۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:

"اے دوستو میری آخری نصیحت یہ ہے کہ سب برکتیں خلافت میں ہیں۔ نبوت ایک بیج ہوتی ہے جس کے بعد خلافت اس کی تاثیر کو دنیا میں پھیلا دیتی ہے۔ تم خلافت حقہ کو مضبوطی سے پکڑو اور اس کی برکات سے دنیا کو متمتع کرو تا خدا تعالیٰ تم پر رحم کرے اور تم کو اس دنیا میں بھی اونچا کرے اور اس جہان میں بھی اونچا کرے۔"

(الفضل ربوہ 23 نومبر 1965ء ص 3 کالم 2)

خلافت جمہوریت کا نام نہیں ہے اور اسی طرح یہ آمریت بھی نہیں ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں کہ:

"خلافت جمہوریت نہیں۔ جمہوریت میں رائے دہندگان کسی سیاسی لیڈر کو ایک معینہ مدت کے لئے منتخب کرتے ہیں.......... خلافت آمریت بھی نہیں۔ آمر تو مطلق العنان ہوتا ہے.......... لیکن خلافت کا معاملہ اس سے مختلف ہے.......... شرعاً اس (خلیفہ) پر لازم ہے کہ وہ اپنی جماعت کے اہل الرائے افراد سے مشورہ طلب کرے اور جب وہ کوئی فیصلہ صادر کر دے، خواہ وہ کتنا ہی خلاف توقع کیوں نہ ہو تو جماعت کا فرض ہے کہ صمیم قلب سے سر تسلیم خم کر دے۔ کسی فیصلے سے عملدرآمد پر گریز یا عدم اطاعت کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا.......... یہ فیصلے آسمان کے نور اور ہدایت کی روشنی میں کئے جاتے ہیں۔ بڑھاپا فیصلہ کرنے والے کی وقعت، عزت اور حرمت پر اثر انداز نہیں ہوتا۔ خلیفہ وقت کو معزول نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی وہ اپنے آپ کو معزول کر سکتا ہے۔ وہ آخری سانس تک خلافت کے منصب پر فائز رہتا ہے کیونکہ کامل مطاع اور واجب الاطاعت امام ہونے کے باوجود اسے ہرگز یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ کا قانون شریعت میں کوئی معمولی سا رد و بدل بھی کر سکے۔ قانون کی پابندی اس پر شرعاً فرض ہے۔ شریعت (.) میں کوئی تبدیلی یا تصرف نہیں کیا جا سکتا۔ یہ آسمان سے نازل ہونے والا آخری قانون ہے۔"

(ایک مرد خدا، مصنفہ آئن ایڈم سن۔ مترجم چوہدری محمد علی ایم اے صفحہ 363-364)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ارشاد فرمایا کہ "حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ میں تو جاتا ہوں لیکن خدا تعالیٰ تمہارے لئے قدرت ثانیہ بھیج دے گا۔ مگر ہمارے خدا کے پاس قدرت ثانیہ ہی نہیں اس کے پاس قدرت ثالثہ بھی ہے اور اس کے پاس قدرت ثالثہ ہی نہیں۔ اس کے پاس قدرت رابعہ بھی ہے۔ قدرت اولیٰ کے بعد قدرت ثانیہ ظاہر ہوئی اور جب تک خدا اس سلسلہ کو ساری دنیا میں نہیں پھیلا دیتا اس وقت تک قدرت ثانیہ کے بعد ثالثہ آئے گی اور قدرت ثالثہ کے بعد قدرت رابعہ آئے گی اور قدرت رابعہ کے بعد قدرت خامسہ آئے گی اور قدرت خامسہ کے بعد قدرت سادسہ آئے گی اور خدا تعالیٰ کا ہاتھ لوگوں کو معجزہ دکھاتا چلا جائے گا اور دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت اور زبردست سے زبردست بادشاہ بھی اس سکیم اور مقصد کے راستے میں کھڑا نہیں ہو سکتا جس مقصد کے پورا کرنے کے لئے اس نے حضرت مسیح موعود کو پہلی اینٹ بنایا اور مجھے اس نے دوسری اینٹ بنایا رسول کریم ﷺ نے ایک دفعہ فرمایا کہ دین جب خطرہ میں ہو گا تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لئے اہل فارس میں سے کچھ افراد کو کھڑا کرے گا۔ حضرت مسیح موعود ان میں سے ایک فرد تھے اور ایک فرد میں ہوں لیکن رجال کے ماتحت ممکن ہے کہ اہل فارس میں سے کچھ اور لوگ بھی ایسے ہوں جو دین کی عظمت قائم رکھنے اور اس کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لئے کھڑے ہوں.........."

(الفضل ربوہ 22 دسمبر 1950ء ص 6)

غرض خلافت احمدیہ کی ایسی لڑی ہے جس میں ہم تمام احمدی پروئے ہوئے ہیں اور جس کی وجہ سے جماعت احمدیہ تمام دنیا کو حق کے جھنڈے تلے جمع کر رہی ہے۔ یہ ایسا سایہ دار شجر ہے جس کے سرسبز پتے ہم احمدی ہیں۔ خدا تعالیٰ ہمیشہ ہمیں اس درخت سایہ دار کے تلے ایک چھوٹا لیکن سرسبز پتہ ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆......☆......☆

مکرم عبدالناصر صاحب

میرے والد مکرم چوہدری عبدالقادر صاحب

مورخہ 29 فروری 2008ء کو شام سات بجے میرے بہت پیار کرنے والے اباجان مکرم چوہدری عبدالقادر صاحب ابن حضرت محمد اسماعیل صاحب ہلالپوری 86 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

یوں تو والدین کی جدائی ہر بچے اور بچوں کی جدائی ہر والدین کے لئے بہت گہرے غم اور اداسی کا سبب ہوتی ہے مگر میرے لئے اباجان کی جدائی اپنے جسم کا حصہ جدا ہونے کے مترادف ہے۔

ان کی محبت اور شفقت کا انداز کبھی بھلایا نہیں جا سکتا۔ ایک عجیب کشش تھی ان کی شخصیت میں، بچوں کے ساتھ ان کی شفقت اور پیار میں نے آج تک اس شدت کا نہیں دیکھا۔ اپنے نواسے نواسیوں پوتے پوتیوں کے پسندیدہ "نانا بابا" تھے۔

اباجان 19 نومبر 1921ء کو ہلال پور ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد مرحوم مولوی محمد اسماعیل صاحب ہلال پوری رفیق حضرت مسیح موعود تھے اور احمدیت قبول کرنے کے بعد قادیان چلے آئے۔ دادا جان حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے پہلے افسر ڈاک اور پروفیسر جامعہ احمدیہ قادیان تھے۔

اباجان نے ابتدائی تعلیم قادیان میں حاصل کی۔ ہاکی کے کھیل میں خاص مہارت رکھتے تھے اور مشہور قادیان کی ہاکی کی کلب کے اہم رکن تھے۔ آپ نے انڈین ہاکی Legend "دھیان چند" کے خلاف ہاکی میچ کھیلے۔ 1946ء میں آپ کا نکاح حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بیت مبارک قادیان میں میری والدہ محترمہ صالحہ صولت صاحبہ سے پڑھایا۔ جس کا ذکر خطبات محمود میں خطبہ نمبر 133 میں موجود ہے۔ میرے نانا منشی چراغ دین صاحب مرحوم اور نانی محترمہ سارہ بیگم صاحبہ ہیں۔ میری والدہ حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس کی بھانجی ہیں۔

آپ نے اپنی سول انجینئرنگ کی تعلیم سول کالج سے مکمل کی اور انڈیا میں اپنی ملازمت کا آغاز کیا۔ قیام پاکستان کے بعد لاہور کی طرف ہجرت کی اور سرکاری ملازمت کے علاوہ جماعت کے چند اہم منصوبوں میں اہم کردار ادا کیا۔ جن میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہدایت پر ربوہ کی زمین کا سروے اور ایوان محمود ربوہ کی تعمیر شامل ہے۔

1988ء تک پاکستان اور بیرون ملک مختلف سرکاری و نجی عہدوں پر فائز رہے۔ 1987ء میں پہلی دفعہ دل کا شدید حملہ ہوا اس وقت پشاور میں ایک Project پر کام کر رہے تھے۔ خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل کے ساتھ ان کو شفا دی اور اس بیماری کے بعد 21 سال تک فعال زندگی گزاری۔ پچھلے چند ماہ سے بیماری زیادہ شدت اختیار کر گئی اور آخر کار 29 فروری 2008ء کو اپنے مولا کے پاس حاضر ہو گئے۔

آپ کو خدا نے کثیر اولاد عطا کی۔ الحمدللہ آپ کی دس بیٹیوں میں سے 8 بیٹیاں حیات ہیں۔ مکرمہ مومنہ فرحت صاحبہ، مکرمہ رقیہ باجوہ صاحبہ اور مکرمہ طیبہ صباحت صاحبہ کینیڈا میں، مکرمہ عصمیٰ محمد صاحبہ، مکرمہ عائشہ مجیب صاحبہ اور مکرمہ تقیہ باجوہ صاحبہ امریکہ میں اور مکرمہ فرزانہ باجوہ صاحبہ، مکرمہ رضوانہ شاہد صاحبہ سویڈن میں مقیم ہیں۔ بیٹوں میں مکرم عبدالباسط صاحب ہالینڈ، مکرم عبدالقدیر صاحب سویڈن اور خاکسار عبدالناصر امریکہ میں مقیم ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے 22 نواسے نواسیاں اور 9 پوتے پوتیاں ہیں۔ الحمدللہ

آپ کے بھائیوں میں مکرم مولانا محمد احمد صاحب جلیل سابق مفتی سلسلہ اور مولوی عبدالکریم صاحب آف لندن مرحوم چوہدری عبدالمنان صاحب اور مکرم چوہدری عبداللطیف صاحب مقیم سویڈن شامل ہیں۔

آپ کی اکلوتی بہن اور ہماری پھوپھی محترمہ حفصہ بیگم صاحبہ سرگودھا میں مقیم ہیں۔

اس موقع پر ہم تمام رشتہ دار، دوست اور احباب جماعت کا دلی شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جو اس غم اور اداسی کے موقع پر ہمارے شریک رہے۔

احباب سے درخواست ہے کہ اپنی خاص دعاؤں میں میرے پیارے اباجان کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کریں اور یہ کہ خدا تعالیٰ اپنے کرم سے ہمیں صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

مکرم داؤد احمد صاحب

ادارہ اقوام متحدہ کا تعارف

قیام

بیسویں صدی کے آغاز ہی سے امن عالم کی حالت بڑی خراب تھی دنیا کے مختلف ممالک معمولی تنازعات کی بنا پر ایک دوسرے سے لڑتے رہتے تھے اور ایک دوسرے سے اپنی طاقت کا لوہا منوانے کی فکر میں لگے رہتے تھے۔ اس وجہ سے دنیا کے کسی نہ کسی حصے میں جنگ کے شعلے بھڑکتے رہتے تھے۔ جس کے نتیجے میں پچھلی صدی میں دو مرتبہ پوری دنیا خوفناک عالمی جنگ کی لپیٹ میں آ چکی ہے۔ پہلی جنگ عظیم (1914ء-1918ء) اور دوسری عالمی جنگ (1939ء-1945ء) کو ہوئی۔ ان جنگوں کی وجہ سے بے شمار لوگ لقمہ اجل بنے اور بہت سے ممالک تباہی و بربادی کا شکار ہوئے۔

پہلی جنگ کے اختتام پر لیگ آف نیشنز قائم ہوئی۔ اس ادارے نے اپنے قیام کے قریباً 25 سال کے دوران عالمی قیام امن کی کوششیں کیں مگر اس کے باوجود 1939ء میں دوسری جنگ عظیم چھڑ گئی۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران جب شدید لڑائی ہو رہی تھی اور جنگ میں شریک مختلف ممالک ایک دوسرے کو تباہ کر دینے کے ارادے سے بموں کی بارش کر رہے تھے تو دنیا کے چند بڑے سیاست دان ایک ایسے عالمی ادارے کی تشکیل کے بارے میں سوچنے لگے جو آنے والی نسلوں کو جنگ کے عذاب سے بچا سکے اور بنیادی انسانی حقوق پر یقین کامل رکھتے ہوئے ہر قوم کی بہتری کے لئے کوشش کرے۔ اس حساس سوچ کے نتیجے میں اقوام متحدہ کے قیام کا تصور بتدریج پروان چڑھا۔

اقوام متحدہ دوسری عالمی جنگ کے بعد جمعیت اقوام (لیگ آف نیشنز) کی جگہ لینے کی غرض سے قائم ہوئی۔ یہ نام پہلی مرتبہ یکم جنوری 1943ء کو استعمال کیا گیا۔ جب 26 مملکتوں نے مشترکہ جنگی مساعی جاری رکھنے کے عہد کا اعلان کیا اور کہا کہ وہ جداگانہ صلح قطعاً نہ کریں گی۔ 30 اکتوبر 1943ء کو امریکا، برطانیہ، چین اور روس نے 'جمعیت اقوام' کی جگہ نئے بین الاقوامی ادارے کی ضرورت کا اعلان کیا۔ ستمبر اور اکتوبر 1940ء میں ایک کانفرنس 'ڈمبرٹن اوکس' (امریکہ) میں منعقد ہوئی اور ان چھبیس ملکوں نے اقوام متحدہ کے منشور کیلئے تجاویز مرتب کیں۔ یالٹا کانفرنس روس میں 'جو چار فروری سے گیارہ فروری 1945 تک رہی' روس برطانیہ اور امریکہ سلامتی کونسل کے ووٹوں میں 'ویٹو' پر متفق ہوئے۔ بعد میں چین اور فرانس نے بھی اس پر اتفاق کر لیا، اور ان تمام مملکتوں کی تاسیسی کانفرنس بلانے کا فیصلہ ہوا جنھوں نے یکم مارچ 1945ء سے پیشتر جرمنی یا جاپان کے خلاف اعلان جنگ کیا تھا۔ یہ کانفرنس سان فرانسسکو میں 25/اپریل 1945ء کو منعقد ہوئی۔ اس میں 51 ممالک شریک ہوئے یعنی ارجنٹینا، آسٹریلیا، بیلجیم، بیلوروسیا، بولیویا، برازیل، کینیڈا، چلی، چین، کولمبیا، کاسٹاریکا، کیوبا، چیکوسلواکیا، ڈنمارک، ڈومینیکی جمہوریہ وغیرہ۔

اقوام متحدہ کا منشور ایک تمہید، 19 ابواب اور 111 دفعات پر مشتمل ہے اور اس کے بڑے ادارے یہ ہیں: مجلس عام (جنرل اسمبلی) سلامتی کونسل (سکیورٹی کونسل) اقتصادی اور عمرانی کونسل، ٹرسٹی شپ کونسل (مجلس تولیت)، بین الاقوامی ادارہ عدالت اور سکرٹریٹ۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل خاص ادارے قائم ہوئے۔ ادارہ غذا و زراعت، بین الاقوامی جوہری توانائی (اٹامک انرجی) تعمیر اور نشو و ارتقا کے لیے بین الاقوامی سول ہوا بازی، بین الاقوامی ادارہ محنت، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، بین الاقوامی ٹیلی کمیونیکیشن یونین، عالمی ڈاک کی یونین، تعلیم، سائنس اور ثقافت کی تنظیم، عالمی ادارہ صحت وغیرہ۔

مسائل پر غور و فکر اور بحث و مشورہ جنرل اسمبلی کا کام ہے اور وہی ایک ادارہ ہے جس میں تمام ارکان کو نمائندگی حاصل ہے۔ اس کا اجلاس عموماً سال بھر میں ایک مرتبہ ستمبر کے تیسرے پیر سے ہوتا ہے۔ ضرورت کے مطابق خاص اجلاس بھی بلائے جا سکتے ہیں۔

مقاصد

اقوام متحدہ کے قیام کے وقت اس کے مقاصد اور ان مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے کچھ اصول اور ضوابط طے کیے گئے تا کہ اس کے قیام کا مقصد اور افادیت پوری دنیا پر صحیح طور پر واضح ہو جائے۔ اس غرض سے اقوام متحدہ کا چارٹر منظور کیا گیا جس میں درج ذیل اہم مقاصد بیان کیے گئے ہیں۔

1۔ بین الاقوامی امن و سلامتی قائم کرنا۔

2۔ دنیا سے غربت، جہالت اور بیماری دور کرنے کیلئے مل جل کر کام کرنا۔

3۔ ایک دوسرے کے حقوق اور آزادیوں کا احترام کرنا۔

4۔ قوموں کے مابین دوستانہ تعلقات استوار کرنا۔

5۔ اقوام متحدہ کے مقاصد کے حصول کیلئے مختلف قوموں کے اقدامات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے مرکزی کردار ادا کرنا۔

ان مقاصد کے حصول کیلئے اقوام متحدہ کے تحت 6 بنیادی ادارے قائم کیے گئے۔ ان اداروں کے اخراجات پورے کرنے کیلئے رکن ممالک اپنی اپنی حیثیت کے مطابق مالی امداد فراہم کرتے ہیں۔ ان اداروں میں جنرل اسمبلی، سلامتی کونسل، اقتصادی اور معاشرتی کونسل، تولیتی کونسل، عالمی عدالت اور اقوام متحدہ کا سیکرٹریٹ شامل ہیں۔ ان اداروں کا مختصر تعارف ذیل میں درج ہے۔

جنرل اسمبلی

چارٹر کے مطابق جنرل اسمبلی اقوام متحدہ کا سب سے بڑا ادارہ ہے۔ تمام رکن ممالک اس کے ممبر ہوتے ہیں، ہر ممبر ملک پانچ نمائندے بھیج سکتا ہے۔ لیکن اسے صرف ایک ووٹ دینے کا حق ہوتا ہے۔ اقوام متحدہ کا صدر دفتر امریکہ کے شہر نیویارک میں واقع ہے جہاں رکن ممالک کے نمائندے ہر وقت موجود رہتے ہیں تا کہ اگر کسی اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر جنرل اسمبلی کا ہنگامی اجلاس بلانے کی ضرورت پیش آئے تو تمام رکن ممالک اس میں شریک ہو سکیں۔ جنرل اسمبلی کا اجلاس ہر سال ستمبر میں ہوتا ہے، لیکن خصوصی اجلاس کسی وقت بھی بلایا جا سکتا ہے۔ جنرل اسمبلی ہر سال اپنا صدر منتخب کرتی ہے۔

سلامتی کونسل

سلامتی کونسل اقوام متحدہ کا سب سے اہم ادارہ ہے۔ اس کے ذمے بین الاقوامی امن اور سلامتی قائم رکھنا ہے۔ اس کے ممبروں کی تعداد پندرہ ہے۔ ان میں پانچ مستقل اور دس غیر مستقل ممبر ہیں۔ امریکہ، روس، برطانیہ، فرانس اور عوامی جمہوریہ چین مستقل ممبر ہیں۔ جبکہ غیر مستقل ارکان کو جنرل اسمبلی کے اجلاس میں دو سال کیلئے منتخب کیا جاتا ہے۔ سلامتی کونسل کے مستقل ممبروں کو ویٹو کا حق حاصل ہے۔ ویٹو کا مطلب یہ ہے کہ اگر ان میں سے کوئی ممبر کسی مسئلے سے متعلق نفی میں ووٹ دے تو اس مسئلے کا فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ اگر سلامتی کونسل کا کوئی ممبر کسی ایسے تنازعہ میں فریق ہو جس کی بحث سلامتی کونسل کے اجلاس میں ہو رہی ہو تو اس کو ووٹ دینے کا حق حاصل نہیں ہوتا۔

اقتصادی اور معاشرتی کونسل

اقوام متحدہ کا یہ ادارہ 54 ارکان پر مشتمل ہے اس کے ممبروں کا انتخاب براہ راست جنرل اسمبلی کرتی ہے اور اس کی رکنیت کی میعاد تین سال ہوتی ہے، لیکن ان میں سے ایک تہائی ممبروں کی رکنیت ہر سال ختم ہو جاتی ہے اور ان کی جگہ جنرل اسمبلی کو ہر سال نئے ممبر منتخب کر کے بھیجنے ہوتے ہیں۔ اس کونسل کے دائرہ کار میں اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے اقتصادی اور معاشرتی مسائل کا حل تلاش کرنا ہے۔ اس کونسل کے سال میں دو اجلاس ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ضرورت کے مطابق کسی بھی وقت اجلاس طلب کیا جا سکتا ہے۔

تولیتی کونسل

اس کونسل کو ایسے علاقوں کی نگرانی اور بھلائی کا کام سونپا گیا ہے جو کبھی لیگ آف نیشنز کی زیر نگرانی تھے یا جنھیں دوسری جنگ عظیم کے بعد اقوام متحدہ نے براہ راست اپنی تولیت میں لے لیا تھا۔ ایسے علاقوں کا بہتر طور پر انتظام چلانے کیلئے اقوام متحدہ نے انھیں رکن ممالک میں سے کسی کے سپرد کر دیا تھا۔ اقوام متحدہ کے ایسے رکن ممالک تولیتی علاقوں کا انتظام چلانے کے بارے میں اس کونسل کے سامنے جواب دہ ہوتے ہیں۔ تولیتی کونسل کو یہ خیال بھی رکھنا ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ نے جن ممالک کو بعض علاقوں کا انتظام چلانے کا کہا ہے وہ اس کے ساتھ ساتھ ان کی سیاسی، معاشی، اور معاشرتی ترقی کیلئے بھی ضروری اقدام کر رہے ہیں نیز بنیادی انسانی حقوق کا خیال رکھ رہے ہیں۔

عالمی عدالت

اقوام متحدہ کے اس اہم ادارے کی تعداد پندرہ ججوں پر مشتمل ہے۔ ان ججوں کا انتخاب جنرل اسمبلی اور سلامتی کونسل کرتی ہے۔ ان کے عہدوں کی میعاد 9 سال ہوتی ہے۔ تمام جج صاحبان اپنے اجلاس میں عالمی عدالت کے صدر کا انتخاب خود کرتے ہیں اور اس کے صدر کے عہدے کی میعاد تین سال ہوتی ہے، ایک وقت میں کسی ملک سے ایک سے زائد جج منتخب نہیں کیے جاتے۔ عالمی عدالت کا اپنا آئین ہے۔ اس عدالت میں عالمی نوعیت کے فیصلے کیے جاتے ہیں اور تمام فیصلے اکثریت رائے کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں۔

سیکرٹریٹ

اقوام متحدہ کا سیکرٹریٹ امریکہ میں واقع ہے۔ اس کا کام انتظامی فرائض کی انجام دہی ہے۔ سیکرٹریٹ کا سربراہ سیکرٹری جنرل کہلاتا ہے۔ اسے سلامتی کونسل کی سفارش پر جنرل اسمبلی منتخب کرتی ہے اور سیکرٹریٹ کا دوسرا عملہ سیکرٹری جنرل خود مقرر کرتا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے مسائل کی طرف خاص طور پر توجہ دیتا ہے اور ایسے معاملے یا تنازعہ کی طرف سلامتی کونسل کی توجہ مبذول کرا سکتا ہے جس سے بین الاقوامی امن اور سلامتی کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہو۔ رکن ممالک کے باہمی تنازعات کو گفت و شنید کے ذریعے حل کرانے کیلئے ذاتی دلچسپی لینا اور متنازعہ مسائل کو طے کرانا بھی اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹریٹ کو مختلف شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سیکرٹری جنرل اسمبلی کے اجلاس میں اپنی رپورٹ پیش کرتا ہے جس کی سال بھر کی کارکردگی کا جائزہ شامل ہوتا ہے

اقوام متحدہ کے مخصوص ادارے

اقوام متحدہ نے رکن ممالک کی بہتری اور ترقی

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم قدیر احمد طاہر صاحب معلم وقف جدید

مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی یادیں

8 ستمبر کا دن تاریخ احمدیت میں خصوصی اہمیت کا حامل ہوگیا ہے کیوں کہ اس دن جماعت احمدیہ میر پور خاص کے امیر ضلع محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب راہ مولیٰ میں قربان ہوگئے۔

محترم امیر صاحب کا ضلع کے ہر فرد سے ذاتی تعلق تھا اور ہر احمدی یہی سمجھتا تھا کہ ان کا محترم امیر صاحب سے زیادہ تعلق ہے اور امیر صاحب ان سے زیادہ پیار کرتے ہیں۔

محترم ڈاکٹر صاحب معاشرتی پہلوؤں میں حقیقی دینی طرز عمل کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھال کر رکھتے تھے اور اس عمل سے بچنے کی کوشش کرتے تھے جس کے نتیجہ میں کوئی شخص آپ پر انگلی اٹھا سکے۔

مارچ 2008ء میں خاکسار اور دو اور محترم دوست (شوریٰ کے موقع پر) ایوان محمود کے سامنے والی سڑک پر جا رہے تھے کہ محترم امیر صاحب کی گاڑی سامنے سے آ کر رکی۔ فرمانے لگے کہاں جا رہے ہیں۔ ہم نے بتایا تو کہنے لگے کہ میں ایک دعوت پر جا رہا ہوں آپ بھی میرے ساتھ چلیں۔ مگر گاڑی میں دو افراد کی جگہ تھی خاکسار نے معذرت کی تو فرمانے لگے نہیں آپ فرنٹ سیٹ پر میرے ساتھ ہی بیٹھ جائیں اور خاکسار کو بڑی شفقت سے اپنے ساتھ بٹھا لیا۔ نیز اپنے میزبان کو فون کر دیا کہ میرے ساتھ مزید اتنے مہمان بھی آ رہے ہیں۔

ایک دفعہ خاکسار اپنی اہلیہ صاحبہ کو چیک اَپ کے لئے محترم ڈاکٹر صاحب کے پاس لے کر گیا تو آپ کو اطلاع دی تاہم معمول سے ہٹ کر اس دن ہمیں انتظار کرنا پڑا۔ یہ ہفتہ کے دن کی بات ہے اور جب ہم اندر گئے تو بڑی محبت سے فرمانے لگے کہ معذرت چاہتا ہوں کہ آپ کو انتظار کروایا اور ساتھ ہی فرمانے لگے کہ میں بھی بے بس ہوں کہ رش بہت ہوتا ہے اور ساتھ ہی بتایا کہ ہفتے کے پہلے تین دن یعنی ہفتہ، اتوار، سوموار نہ آیا کریں رش زیادہ ہوتا ہے۔ محترم ڈاکٹر صاحب کی معذرت پر ہم میاں بیوی اور عملہ سب حیران تھے کہ اتنے عظیم آدمی ہم سے معذرت کر رہے ہیں۔ اس سے جہاں محترم ڈاکٹر صاحب کی عاجزی اور انکساری کا پہلو نمایاں ہوتا ہے وہاں یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ محترم امیر صاحب واقفین زندگی کا بہت خیال رکھتے تھے اور ان کا احترام کرتے تھے۔

پھر پوچھنے لگے کہ واپس کیسے جائیں گے اب تو دیر ہو چکی ہے۔ ہمارے پاس چونکہ خاطر خواہ واپسی کا انتظام تھا اور سنٹر بھی اتنا زیادہ دور نہیں تھا کہ پہنچ نہ پائیں تب آپ مطمئن ہوئے اور دعاؤں کے ساتھ ہمیں رخصت کیا۔

اسی طرح محترم امیر صاحب کی راہ مولیٰ میں قربانی کے صرف سات دن قبل خاکسار اپنی اہلیہ محترمہ کے بیماری کے کچھ ٹیسٹ کروانے محترم امیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میرے بتانے پر کہ بخار کافی دنوں سے ہے اور گردے میں بھی درد ہے نیز بخار ٹوٹ نہیں رہا تو آپ نے ٹیسٹ لکھ کر دیئے اور الٹراساؤنڈ بھی لکھ کر دیا نیز تمام کے تمام چیک اَپ اور ٹیسٹ فری لکھ دیئے اس کے بعد تمام ٹیسٹ کلیئر آئے اور کوئی بیماری وغیرہ کا اثر ظاہر نہ ہوا تو آپ بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے کہ پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ دوائیں لکھ کر دیں اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔

محترم امیر صاحب کی شہادت سے سندھ کا پسماندہ علاقہ ایک ایسے عظیم ڈاکٹر سے محروم ہو گیا ہے جو نہ صرف کمزور، غریب اور ناتواں لوگوں کا علاج مفت کرتا تھا بلکہ واپسی کا کرایہ بھی دے کر ان کو روانہ کرتا تھا۔ آپ انسانیت کے بڑے ہمدرد تھے آپ کے تمام تر مریض آپ کو اپنے گھر کا فرد سمجھتے تھے۔

محترم امیر صاحب خاکسار کو ہمیشہ ''قدیر صاحب'' کہہ کر پکارتے تھے جس کی وجہ سے خاکسار کو دلی فرحت محسوس ہوتی کہ محترم امیر صاحب کو 'میرا نام آتا ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ 12 ستمبر 2008ء میں محترم ڈاکٹر صاحب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب بڑی پیاری طبیعت کے مالک تھے اخلاص و وفا میں بہت بڑھے ہوئے تھے۔

نیز فرمایا اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود کے اس غلام کو دست مسیحائی اور شفاء عطاء فرمایا ہوا تھا جس سے وہ غریبوں کی خدمت کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حضور کی توقعات کے مطابق اپنے اسلاف کی قربانیوں کو زندہ رکھنے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 5)

کیلئے مخصوص ادارے قائم کر رکھے ہیں جو اپنی نوعیت کے لحاظ سے ذمہ داریوں کو سنبھالے ہوئے ہیں اور اس طرح دنیا میں آباد مختلف اقوام کی گراں قدر خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ اس کے مشہور اداروں کے نام یہ ہیں۔ عالمی ادارہ صحت، بچوں کا عالمی فنڈ، تعلیمی، سائنسی، اور ثقافتی ادارہ (یونیسکو)، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، ادارہ خوراک زراعت اور عالمی بینک وغیرہ۔

بچوں کا عالمی فنڈ

دنیا کے بہت سے ممالک ایسے ہیں جنہیں ترقی پذیر کہا جاتا ہے اور غربت کی وجہ سے اس قابل نہیں ہوتے کہ اپنے ملک کے بچوں کی مناسب نشوونما اور فلاح و بہبود کیلئے زیادہ اخراجات کرسکیں۔ لہٰذا اقوام متحدہ نے 1946ء میں یہ ادارہ قائم کیا۔ یہ ادارہ ترقی پذیر رکن ممالک کے بچوں کی تعلیم و تربیت، خاندانی فلاح و بہبود اور غذائی ضروریات سے متعلق منصوبے مرتب کرتا ہے اور انہی ممالک کے تعاون سے انہی عملی جامہ پہنانے کی غرض سے مالی امداد بھی فراہم کرتا ہے۔

عالمی ادارہ صحت

یہ ادارہ 1948 میں قائم کیا گیا تھا۔ اس ادارے کا بنیادی مقصد اقوام متحدہ کے رکن ممالک میں بیماری کے خلاف جدوجہد کی اہلیت پیدا کرنا، ہر شخص کی ذہنی وجسمانی صحت کو بہتر بنانے کے بارے میں تجاویز پیش کرنا اور عملی میدان میں ہر ملک کی مدد کرنا ہے۔

تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی ادارہ

یہ ادارہ بھی 1946ء میں قائم کیا گیا تھا۔ اس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ترقی پذیر ممالک کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ معیار زندگی کے لحاظ سے دوسرے ممالک کے قریب آسکیں۔ اس مقصد کے لئے یہ ادارہ تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی میدانوں میں بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کی اہم ذمہ داری ادا کرتا ہے۔

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ

یہ ادارہ اقوام متحدہ کے رکن ممالک کے مابین کرنسی کے تبادلے کی شرح مقرر کرتا ہے اور بین الاقوامی مالیاتی واقتصادی نظام کو استوار و مستحکم کرنے کے لئے مختلف تجاویز پیش کرتا ہے۔ اس سے ایک ملک کی کرنسی کو دوسرے ملک کی کرنسی بدلنے میں مدد ملتی ہے۔

ادارہ خوراک وزراعت

یہ ادارہ اقوام متحدہ کے رکن ممالک کو خوراک وزراعت کے میدان میں اپنے مشورے اور تعاون فراہم کرتا ہے۔ جس کی بدولت ترقی پذیر ممالک کھیتی باڑی، ماہی گیری، اور جنگلات کے شعبہ جات میں خاطر خواہ ترقی کر رہے ہیں۔ ہر سال پیداوار میں مناسب اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ یہ زراعت کے میدان میں جدید طریقے اپنانے، اچھے بیج کے استعمال، زمین کی دیکھ بھال، قدرتی آفات سے فصلوں کو بچانے اور آب پاشی کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد دینے کے ساتھ ساتھ اپنے ماہرین بھی رکن ممالک میں بھیجتا ہے۔ زرعی ترقی اور خوراک محفوظ کرنے کے منصوبوں پر عملدرآمد کرنے کیلئے مالی امداد بھی فراہم کرتا ہے۔

عالمی بینک

عالمی بینک 1945ء میں قائم ہوا۔ یہ اقوام متحدہ کا ایسا ادارہ ہے جو رکن ممالک کے کم ترقی یافتہ علاقوں کی پسماندگی کو دور کرنے کیلئے قرضے فراہم کرتا ہے۔ اس سے کم ترقی یافتہ ممالک کی اقتصادی نشوونما میں مدد ملتی ہے۔ عالمی بینک ترقی پذیر ممالک میں ان کے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے آسان اور لمبی مدت کے قرضے فراہم کرتا ہے۔

اقوام متحدہ کے پروگرامز چلانے کیلئے جس رقم کی ضرورت ہے اس میں اقوام متحدہ کے رکن ممالک اپنی استطاعت کے مطابق حصہ ڈالتے ہیں۔ اس کے علاوہ اقوام متحدہ خود بھی مختلف ممالک کو اس بات کی تحریک کرتی ہے کہ وہ بھی UNO کو فنڈز دیں۔ جس کے نتیجے میں بہت سے ممالک UNO کو فنڈز دے رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کو سب سے زیادہ فنڈ زامریکہ دے رہا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف ممالک کی افواج کو اکٹھا کر کے ایک فوج بنائی گئی ہے، جو کسی ملک کے خراب حالات ہونے پر وہاں بھیجی جاتی ہے۔ اس وقت اقوام متحدہ کی افواج کینیا، افغانستان اور کئی ممالک میں کام کر رہی ہے۔

اقوام متحدہ کی کارکردگی

اقوام متحدہ کے قیام کا مقصد بنی نوع انسان کی خدمت تھا، بحیثیت مجموعی اس ادارے نے قابل تحسین خدمات انجام دی ہیں اور عالم انسانیت کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا ہے جس کے ذریعے ہر چھوٹا اور بڑا، امیر اور غریب، ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک بین الاقوامی مسائل پر آزادانہ ماحول میں برابری کے تصور کو سامنے رکھتے ہوئے تبادلہ خیال کرسکتا ہے اور اپنے نقطہ نظر کا اظہار کرسکتا ہے، اس میں مادی ذرائع اور فوجی قوت کی تخصیص نہیں۔ اس ادارے کے قیام سے افہام وتفہیم کے ذریعے آپس کے مسائل حل کرنے میں مدد ملی ہے۔ اس طرح جنگ وجدل کے نت نئے خدشات کسی حد تک کم ہوگئے ہیں۔

اقوام متحدہ کے تحت کام کرنے والے اداروں نے قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ خاص طور پر اس کے مخصوص اداروں کی منصوبہ بندی اور عملی تعاون کی بدولت ترقی پذیر ممالک نے سائنسی، تعلیمی، صنعتی، معاشی اور معاشرتی میدان میں خاص ترقی کی ہے۔

جہاں تک اقوام متحدہ کے مقاصد کے مکمل حصول کا تعلق ہے، یہ ادارہ اس میں بھی پوری طرح کامیاب نہیں ہو سکا لیکن اس بات کی ذمہ داری اقوام متحدہ کی بجائے اس کے رکن ممالک پر عائد ہوتی ہے۔ بڑے ملک اس سلسلے میں خاص طور سے ذمے دار ہیں۔ اگر تمام رکن ممالک صدق دل سے اقوام متحدہ کے چارٹر پر عمل کریں تو اس کے وقار کو بلند کیا جاسکے گا اور امن عالم کی صورت حال بہتر ہو جائے گی۔

